آپ کے بچے نے نومولود کی سماعت کی دوبارہ اسکریننگ یا تشخیصی جائزہ پاس کر لیا ہے

براہ کرم اپنے بچے کے صحت کے فراہم کنندہ یا ہیلتھ کلینک میں اپنے اگلے وزٹ پر اس کاغذ کو ساتھ لے کر جائیں۔

آپ کے بچے کا نام ______________________

آپ کے بچے کی تاریخ پیدائش ______________________

نومولود کی سماعت کی دوبارہ اسکریننگ یا تشخیصی جائزہ کی تاریخ ______________________

ماہر سماعت کا نام ______________________

ماہر سماعت کا فون نمبر ______________________

استعمال ہونے والے ٹیسٹ:

☐ اوٹو اکوسٹک ایمیشنز (Otoacoustic Emissions, OAE)

☐ آڈیٹوری رسپانس (Auditory Brainstem Response, ABR)

دائیں کان کی اسکریننگ

☐ پاس

☐ فیل

☐ اسکریننگ نہیں ہوئی

بائیں کان کی اسکریننگ

☐ پاس

☐ فیل

☐ اسکریننگ نہیں ہوئی

کیا ایسا ہو سکتا ہے کہ نومولود سماعت کی اسکریننگ پاس کر لے اور پھر بھی سماعت سے محروم ہو؟

ہاں، سماعت میں کسی بھی وقت تبدیلی آ سکتی ہے۔ اگر درج ذیل میں سے کوئی بھی بیان آپ کے بچے کے لیے درست ہو – ابھی یا مستقبل میں، تو اپنے بچے کی صحت کے فراہم کنندہ سے بات کریں یا کسی ہیلتھ کلینک سے رابطہ کریں:

- **بچے کے حقیقی والد/والدہ میں سے کوئی ایک یا ان کے قریبی خاندان میں سے کوئی فرد، بچپن میں بہرا یا سننے میں مشکلات کا شکار تھا۔**
- **میرا بچہ ہسپتال کے "NICU" یا "PICU" میں رکھا گیا تھا – جسے نوزائیدہ انتہائی نگہداشت یونٹ (neonatal intensive care unit) یا بچوں کا انتہائی نگہداشت یونٹ (pediatric intensive care unit) بھی کہا جاتا ہے۔**
- **میرے بچے کا خون تبدیل کیا گیا تھا – خون لگانے کی ایک خاص قسم۔**
- **میرے بچے کے کان میں کئی انفیکشنز موجود ہیں یا لاحق ہو چکی ہیں۔**
- **میرے بچے کے سر پر چوٹ ہے یا پہلے تھی۔**
- **میرے خیال میں میرے بچے کو ٹھیک سے سنائی نہیں دیتا۔**
- **میرے خیال میں میرا بچہ ٹھیک سے بات نہیں کر سکتا۔**
- **میرے بچے کے رویے اس کاغذ کی پشت پر موجود سماعت کی چیک لِسٹ سے مختلف ہیں۔**

سماعت کی چیک لِسٹ

ذیل میں دی گئی کچھ چیزیں ہیں جو ایک بچہ عام طور پر کرنے کے قابل ہوتا ہے، اگر وہ بہرا نہ ہو یا اسے سننے میں مشکلات کا سامنا نہ ہو:

پیدائش سے 3 مہینے تک

- ☐ آوازوں پر ردعمل دینا
- ☐ والدین یا نگہداشت کنندہ کی آواز سے پرسکون ہو جانا
- ☐ آپ کی آواز پر اپنا سر موڑنا

3 تا 6 مہینے تک

- ☐ آپ کی آوازوں کے پیچھے آنکھیں اور سر گھمانا
- ☐ کئی طرح سے بڑبڑانا
- ☐ آواز پیدا کرنے والے کھلونوں سے لطف اندوز ہونا

6 تا 9 مہینے تک

- ☐ اپنا نام سن کر ردعمل دینا
- ☐ آسان الفاظ سمجھنا، مثلاً "نہیں" اور "بائے بائے"
- ☐ "دادا" یا "ماما" وغیرہ بولنا

9 تا 12 مہینے تک

- ☐ آسان الفاظ اور آوازوں کو دہرانا
- ☐ ناموں کے علاوہ بھی 2 تا 3 الفاظ استعمال کرنا
- ☐ مانگنے پر کھلونے دے دینا
- ☐ بات چیت میں مدد کے لیے اشاروں کا استعمال کرنا

12 تا 18 مہینے تک

- ☐ بچوں کی آوازوں کے علاوہ – 7 یا اس سے زیادہ درست الفاظ استعمال کرنا
- ☐ سادہ زبانی ہدایات پر عمل کرنا
- ☐ کئی چیزیں نام لے کر مانگنا

مزید معلومات کے لیے: **health.ny.gov/EHDI**

NEW YORK STATE | Department of Health